رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التفسیر و تاریخہ+الحدیث**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "وَمَا يَخْدَعُوْنَ" کی کون سی دوسری قراءت جلالین میں بیان کی گئی ہے؟

(الف) وَمَا يُخْدَعُوْنَ (ب) وَمَا يَخْدِعُوْنَ (ج) وَمَا يَخْدَعُوْنَ (د) وَمَا تَخْدِعُوْنَ

سوال نمبر 2: منافقین جب اپنے سرداروں کی طرف آتے تو کہتے: "ہم تمہارے ساتھ ہیں" تو ان کا ساتھ ہونا کس چیز میں تھا؟

(الف) دنیا (ب) کاروبار (ج) دین (د) دوستی

سوال نمبر 3: "یکاد" کا معنی ہے۔

(الف) یقرب (ب) یجعل (ج) یکون (د) یاخذ

سوال نمبر 4: "یایھا الناس اعبدوا ربکم" میں خطاب ہے۔

(الف) مکہ والوں سے (ب) مدینہ والوں سے (ج) طائف والوں سے (د) نجد والوں سے

سوال نمبر 5: "وَأُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا" جنتیوں کو جو پھل دیئے جائیں گے وہ کس چیز میں دنیا کی طرح ہونگے؟

(الف) ذائقے (ب) رنگ (ج) تعداد (د) وزن

سوال نمبر 6: تفسیر جلالین میں ابلیس کو کیا کہا گیا ہے؟

(الف) راس الجن (ب) ابوالجن (ج) رؤوس الجن (د) ابن الجن

سوال نمبر 7: "وامنوا بما انزلت مصدقا لما معکم" میں تصدیق کرنے والی کتاب سے کون سی کتاب مراد ہے؟

(الف) توریت (ب) انجیل (ج) قرآن (د) زبور

سوال نمبر 8: "واذ نجینکم من ال فرعون" میں "کم" ضمیر کی تفسیر کس سے کی گئی ہے؟

(الف) انفسکم (ب) آباء کم (ج) غیر کم (د) نساء کم

سوال نمبر 9: بنی اسرائیل کو بچھڑے کی پوجا کرنے کے سبب توبہ کا کون سا طریقہ بتایا گیا؟

(الف) نماز پڑھنا (ب) گھر چھوڑ دینا (ج) اپنے آپ کو قتل کرنا (د) صدقہ کرنا

سوال نمبر 10: "واذ قلنا ادخلوا ھذہ القریۃ" میں "القریۃ" سے کیا مراد ہے؟

(الف) بیت المقدس (ب) مکہ (ج) مدینہ (د) بغداد

سوال نمبر 11: "وقالوا لن تمسنا النار الا ایاما معدودۃ" میں "ایام" سے کتنے دن مراد ہیں؟

(الف) 120 دن (ب) 40 دن (ج) 90 دن (د) 1 سال

سوال نمبر 12: "ولقد اتینا موسی الکتاب" میں "الکتاب" سے کون سی کتاب مراد ہے؟

(الف) توریت (ب) انجیل (ج) قرآن (د) زبور

سوال نمبر 13: "وایدنہ بروح القدس" میں "روح القدس" سے کیا مراد ہے؟

(الف) جبرائیل (ب) میکائیل (ج) اسرافیل (د) عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر14: کون سے فرشتے صحابہ کرام کو انسانی صورت میں دین سکھانے آئے تھے؟

(الف) حضرت جبرائیل (ب) حضرت میکائیل (ج) حضرت اسرافیل (د) حضرت عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر15: "وینزل الغیث "میں "الغیث" سے کیا مراد ہے؟

(الف) بادل (ب) بارش (ج) دھواں (د) اطمینان

سوال نمبر16: "انقذبی نسمة من النار "میں "نسمة" سے کیا مراد ہے؟

(الف) ذی روح مخلوق (ب) جمادات (ج) درخت (د) پتے

سوال نمبر17: نبی کریم ﷺ نے کون سے صحابی سے فرمایا؟ "وان زنی، وان سرق وان رغم انف۔۔۔"

(الف) قیس بن ثابت (ب) ابو درداء (ج) حسان بن ثابت (د) عدی بن حاتم رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر18: "هذا من خدع الشیطان و حبائله "میں "حبائل" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) چغلی (ب) مذاق (ج) چال (د) جال

سوال نمبر19: "وصاروا فحما "میں "فحم" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) چیونٹی (ب) انگارہ (ج) کوئلہ (د) لوہا

سوال نمبر20: "اجتمعت علیه الحیات و العقارب "میں "العقارب" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) سانپ (ب) بچھو (ج) نیولا (د) الو

سوال نمبر21: "لا یبولن احدکم فی الماء الدائم "میں "الماء الدائم" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) ناپاک پانی (ب) ٹھہرا ہوا پانی (ج) جاری پانی (د) پاک پانی

سوال نمبر22: "یبول علی سباطة قوم "میں "سباطة" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) مجلس (ب) میدان (ج) کوڑا کرکٹ (د) پہاڑی

سوال نمبر23: "اکل النبی ﷺ مرقا بلحم "میں "مرق" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) بوٹی (ب) شوربہ (ج) بازو (د) کدو

سوال نمبر24: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے وضو کرتے وقت اپنے چہرے کو کتنی مرتبہ دھویا؟

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 7

سوال نمبر25: "ویل للعراقیب "میں "عراقیب" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ایڑیاں (ب) گھٹنے (ج) کہنیاں (د) بازو